اوس سے وضو کرنا جائز ہے - قاضیخان مطبع نولکشوری کے صفحہ ۳۶ عالمگیری مطبوعہ رحیمی کے
صفحہ ۳۷۱ رد المحتار کے صفحہ ۱۳۰ میں لکھا ہے کہ پیشاب کے ساتھ مردار کی چمڑی پر قرآن لکھنا جائز
ہے نعوذ باللہ من ذلک در مختار باب المیاہ غایۃ الاوطار مطبع صدیقی کے صفحہ ۱ میں
لکھا ہے کہ کتے کو بغل میں لیکر نماز پڑھنے جائز ہے اور اوسی کتاب کے صفحہ ۹۹ میں لکھا ہے کہ کتے کے
کھال کی جائے نماز اور ڈول بنانا جائز ہے طحطاوی باب المیاہ و کتاب الصید اور مینیہ میں
لکھا ہے کہ خنزیر کا چمڑہ دباغت سے پاک ہوتا ہے - بلا انزال دخول سے غسل واجب نہونا
در مختار کے صفحہ ۱۹ میں لکھا ہے - در مختار میں کتاب الحظر والاباحۃ میں لکھا ہے کہ سور نے
کا دودھ بکری کے بچے کو پلایا جاوے تو وہ حلال ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ دودھ پاک ہے
فتاوی برہنہ او بحر الرائق شرح کنز الدقائق میں لکھا ہے کہ عضو تناسل پر لیف حریر کر جماع کرنے
سے بدون انزال غسل واجب نہیں ہوتا قاضی خان کے صفحہ ۱ میں لکھا ہے کہ تسکین شہوت کے
لیئے مشت زنی جائز ہے اور ابن الہمام نے فتح القدیر شرح ہدایہ کے صفحہ ۸۹ میں بھی یوں ہی
لکھا ہے مسند خوارزمی جو مسند ابو حنیفہ کر مشہور ہے اوسکی صفحہ ۱۰۳ میں لکھا ہے کہ زمین اور
جسم اور کپڑا اسیطرح ناپاک نہیں ہوتے طحطاوی کے صفحہ ۴۵ میں لکھا ہے کہ چھت پر نجاست
پڑی ہے اور نہایت ہی تھوڑا پانی چل رہا ہے تو وہ پانی پاک ہے - طحطاوی کتاب النکاح
باب المحارم کے صفحہ ۲۰ مطبع کلکتہ میں لکھا ہے کہ قیامت میں نکاح محارم سے جائز ہوگا

سے مستقل ہے اور تعریف علم الیقینی کے اعتقاد مقلدین پر صادق نہین آسکتے گو کہ وہ اپنے آپ کو
بڑے اکابر افاضل سمجھتے ہین جسطرح اہل راے ہونیکا اہل علم سے اونپر ابد الآباد سے
صادر ہے ع جاہل کو تقدیر کی ہرگز رفو ہوتا نہین + سوزن تدبیر گو ساری عمر سیتی رہے
جو لوگ کہ قائل ختم اجتہاد کے ہین انپر شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے مصفی شرح موطا کے
صفحہ ۱۲ مین بخوبی رد فرمایا ہے اور کہا کہ اجتہاد در ہر عصر فرض است بجہت آنکہ مسائل کثیر الوقوع
غیر محصور اند و معرفت احکام الہی در آنہا واجب و آنچہ مسطور و مدون شدہ است غیر کافی و
در آنہا اختلاف بسیار است کہ بدون رجوع بادلہ حل اختلاف آن نتوان کرد و طرق آن
تا مجتہدین غالبا منقطع پس بغیر عرض بر قواعد اجتہاد درست نیاید سالی ان قال و سادہ
لوحان زمان ما کہ ازین جانب بکلی معرض اند ناقہ صفت مہاری در بینی خود محکم کردہ اند نمیدانند
کہ کجا می روند کار ما با ایشان دیگر است و ایشان را بفہم این امور مکلف نتوان کرد ع
خلق اللہ للحروب رجالا + ورجالا لقصعة وثرید لیکن اجتہاد وہی ٹھیک ہوگا جو موافق سنت کے
ہو حافظ ابن قیم اغاثة اللہفان کے باب محبت کے بیان مین لکھا ہے کہ سب لوگون سے زیادہ
عالم اور صحیح تر عقل اور راے اور خوبی معلوم کرنے مین وہ شخص ہے جسکی عقل و راے
اور قیاس موافق سنت کے ہوگی جیسے مجاہد فرماتے ہین کہ عبادت مین سے افضل عمدہ راے ہے
اور وہ اتباع سنت ہے اللہ تعالی فرماتا ہے - ویری الذین اوتوا العلم الذی انزل الیک
من ربک ہو الحق - اور جن لوگون کے راے سنت کے مخالف ہے ایسے راے والون کو سلف
کے لوگ شبہ والے اور خواہشون والے کہا کرتے تھے اسلیئے کہ جو راے سنت کے مخالف ہے وہ جہل
ہے علم اور خواہش نفس ہے نہ دین لہذا ع جز یاد دوست ہر چہ کنی عمر ضایع است + جز سر عشق
ہر چہ بخوانی بطالت است + سعدی بشوی لوح دل از نقش غیر حق + علمیکہ راہ بحق ننماید جہالت است
قولہ صفحہ ۳۲ پس واجب گردید بر ما کہ دین ما از لسان و کتاب و مذہب ما بیان بگیریم کہ آن مذہب
تابعی امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت است الخ **اقول** ع محال است سعدی کہ راہ صفا
توان رفت جز در پے مصطفے + اللہ تو فرماتا ہے وما آتاکم الرسول فخذوہ وما
نہاکم عنہ فانتہوا اور حضرت کا امر قرآن اور حدیث کی اتباع اور صحابہ کی اقتدا کا
ہے مشکوة مین باب الاعتصام حدیث ابن مسعود من کان مستنا فلیستن بمن قد مات
اولئک اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم الحدیث ابو حنیفہ کا اسمین ذکر نہین ہے کہ یہ منجملہ اتحاد

ربا یا من دون اللہ سے (اماموں کو) فرض کر لیا ہے اور ایسی ہی یہودیت کا حال باری تعالی نے
سورہ آل عمران اور سورہ توبہ میں بیان فرمایا اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا
من دون اللہ میں تو مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں نازل ہوا تھا اور وہان کے باشندہ امام
مالک اور امام شافعی اور احمد بن حنبل ہیں امام صاحب تو کوفہ میں رہتے تھے جو ملک نجد میں
داخل ہے امام صاحب کی انتقال ہونے میں تو ساڑھی تیرا سو برس گذر چکے اونکی
لسان سے اخذ دین کیونکر ممکن ہے اور مقلد امام کا بننا کیونکر صحیح ہوگا کیونکہ اون سے تو
اونکا قول سنا نہیں اور نہ اونکی کوئی کتاب دیکھی پس بحسب فہم مخاطب ہمارے اپنی کو مقلد
اوس مولوی کا کہنا تھا جس سے سنا نہ امام کا بخاری و مسلم وغیرہ میں مروی ہے
آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ فليبلغ الشاهد الغائب وبلغوا عني ولو آية
ان دونوں حدیث اونکی سے بطلان کتب رای اور قیاس کا بخوبی ثابت ہے کیونکہ پیغمبر
خدا صرف رائی اور قیاس آئمہ کی پہنچانے کا حکم نہیں دیا کہ کوئی امام اوس رای اور تجویز سے
سکھے اوسکی تبلیغ بھی لازم ہے یا اوسکے انکار سے کفر یا فسق لازم آتا ہے حدیث مسلم
مشکوۃ میں کتاب الجہاد میں سلیمان بن بریدہ سے مروی ہے کہ آنحضرت نے امیر مجتہد کی نسبت فرمایا
اذا حاصرت اهل حصن فارادوك ان تجعل لهم ذمة الله وذمة نبيه فلا
تجعل لهم ذمة الله ولا ذمة نبيه ولكن اجعل لهم ذمتك وذمة اصحابك
فانكم ان تخفروا ذممكم وذمم اصحابكم اهون من ان تخفروا ذمة الله وذمة
رسوله الحديث اس سے معلوم ہوا کہ رای اور قیاس سے انکار کرنا والیسیر کچھ الزام شرعی
عاید نہیں ہوتا میزان شعرانی کے صفحہ ۶۸ میں لکھا ہے کہ امام احمد بن حنبل کے نزدیک حدیث
ضعیف رای سے بہتر ہے اور محدث غیر محقق بھی ہو تو بہتر ہے اہل رای سے وكان ولده
عبد الله يقول سألت الامام احمد عن الرجل يكون في بلد لا يجد فيها الا صاحب حديث
لا يعرف صحيحه من سقيمه وصاحب رأي فمن يسأل منهما عن دينه فقال يسأل صاحب
الحديث ولا يسأل عن صاحب رأي انتهى وهكذا نقله السخاوي في شرح الالفية في
بحث حديث الحسن ایسے مقلد کو جو رائی اور قیاس کو نص پر ترجیح دے علماء محققین نے
ضال اور مضل لکھا ہے اور اوسکے ایمان کو لا یعبا بہ سمجھا ہے حدیقۃ الندیہ شرح طریقہ محمدیہ
کے صفحہ ۱۹۵ جلد اول میں لکھا ہے واعلم ان بعضهم نقل عن الاشعري والقاضي الباقلاني الا انه

ابواسحق الاسفراینی وامام الحرمین والجمہور عدم صحۃ ایمان المقلد وانہ لایکفی التقلید فی العقائد الدینیۃ وبالغ بعضہم فیہ فحکی علیہ الاجماع وعزاہ ابن القصار لمالک وقال السنوسی فی شرح مقدمتہ ثم اختلف الجمہور القائلون بوجوب المعرفۃ فقال بعضہم المقلد مومن الا انہ عاص بترک المعرفۃ التی ینتجہا النظر الصحیح وقال بعضہم انہ مومن ولا یعصی الا اذا کان فیہ اہلیۃ لفہم النظر الصحیح وقال بعضہم المقلد لیس بمومن اصلا وقد انکرہ بعضہم وذہب غیر الجمہور الی ان النظر لیس بشرط فی صحت الایمان بل ولیس بواجب اصلا وانما ہو من شروط الکمال فقط وقد اختار ہذا القول الشیخ العارف بن ابی جمرۃ والقشیری وابن رشد وابو حامد الغزالی وجماعۃ انتہی۔

وقد مر عن القرطبی یوید ہذا وفی حاشیۃ المقری علی شرح السنوسیۃ وقال ابن عطیۃ فی تفسیرہ فی سورۃ البقرۃ عند قولہ تعالی اولو کان اباءہم لا یعقلون شیئا ولا یہتدون وقوۃ ہذہ الآیۃ تعطی ابطال التقلید واجتمعت الامۃ علی ابطالہ فی العقائد وقال الزمخشری لاضال اضل من المقلد وقال القہری ناقلا عن القاضی الباقلانی ان التقلید فی اصول الدین ممتنع انتہی میرے مخاطب شاکر کا قول ہی واجب گردید الخ کون قسم کا واجب مراد لیا ہے مسلم الثبوت مین لکھا ہے لا واجب الا ما اوجبہ اللہ تعالی علی ان یتمذہب بمذہب رجل من الائمۃ فیقلدہ فی کل ما یاتی ویذر وغیرہ وزاد فی شرح المسلم فایجابہ تشریع جدید انتہی واجب شرعی تو ہرگز نہین بلکہ مباح قدر بھی نہین کیونکہ امور مباحات خطاب شارع سے ہوتی ہین۔ اور واجب عقلی کا عقل انسان عاقل کا تقلید پر مقتضی نہین۔ امام صاحب کا قول ہمکو اس قسم کے وجوب اخذ قول اپنی کا بتا دین۔ مسلم الثبوت کھول کر دیکھین لایحل لاحد ان یقول بقولنا مالم یعرف من این قلنا انتہی وکذا فی میزان الشعرانی تقلید عرفی اگر کوئی اچھی چیز ہوتی اور شرع نے اوسکو جائز رکھا ہوتا یا کسی امام مجتہد نے لوگونکے لئے ثابت رکھا ہوتا تو سب سے زیادہ تر مستحق اوسکے یہی متبعان دلیل ہے ع بلائین زلعت لیلی کین اگر لیتے توہم لیتے +

امام صاحب کی تابعی ہونے مین خصم کو موقع انکار ہے ثبوت اوسکا اصعب من خرط القتاد ہے اگر بالفرض بحسب زعم مخاطب تابعی ہے ہون تو ہمارا اسمین کیا حرج وجوب تقلید اونکے صرف تابعی ہونے سے لازم نہین آتی نور الانوار مسلم الثبوت وغیرہا مین لکھا ہے واما التابعی فان ظہرت فتواہ فی زمن الصحابۃ کشریح فیجب تقلیدہ وان لم تظہر فتواہ ولم یزاحمہم فی الرای کان مثل سائر آئمۃ الفتوی فلا یصح تقلیدہ اگر کہین کہ یہ حکم اوسکے حق مین ہے

جو عالم اہل نظر ہو تو ہم کہتے ہین کہ عامی کا کوئی مذہب ہی نہین بحر الرائق مین ترتیب صلوٰة
فوتی کے ذکر مین لکھا ہے العامی لا مذہب لہ فیاہی مذہب افتدے اجزاہ بلکہ عامی
تو مقلد اپنی مولوی کا ہوتا ہے کما فی المعالم تحت قولہ تعالیٰ فلولا نفر من کل فرقة طائفة
لیتفقہوا فی الدین ولینذروا قومہم اذا رجعوا الیہم لعلہم یحذرون وہکذا فی خاتمة
عقد الجید اور ابن الہمام نے فتح القدیر مین باب القضا مین وجوب اتباع تقلید مذہب
معین کو بخوبی رد کیا ہے **قولہ صگ** احکام قرآن واحادیث کہ بما از زبان وقول آئمہ
مجتہدین اربعہ رسیدہ اند بذریعہ کتب مدونہ اصحاب شان رسیدہ کافی شافی اند جمیع فروعات
شرعیہ را بالتفصیل الخ **اقول** پہلے مخاطب نے کہا کہ پس واجب گردید برما کہ دین از لسان ابوحنیفہ
بگیریم اور یہان آئمہ اربعہ کا ذکر ہے کتب مدونہ مذہب آئمہ ثلثہ مین تو اون مسائلون کا بہی ذکر
ہے جو میرے مخاطب کا عقیدہ اون سے برخلاف ہے حنفیہ کا قول ہے کہ امام کے زمانہ
مین احادیث تدوین نہین ہوئی تہین مین کہتا ہون تو پہر اجتہاد امام نے کس سے کیا اور اگر جمع
تہین تو اون احادیث کو کون لیگیا کتب فقہ مین تو رواہ البخاری ورواہ مسلم والبیہقی والدار قطنی
والترمذی وابوداؤد وابن ماجہ کا ذکر ہے رواہ ابوحنیفہ کا تو نام نشان ہی نہین یہ کیسی تقلید
ہے کہ امام کو چہوڑ کر مقلد اہل حدیث کی روایت مین ہوئی اگر ان لوگونکو احادیث کتب مدونہ
مذاہب اربعہ مین بالتفصیل ملتین تو احادیث کتب صحاح وغیرہ کو کاہی کو سند لاتے انصاف تو
یہ ہے کہ آئمہ اربعہ سے بلکہ اصحاب سے کئی احادیث مخفی رہین ہین میزان شعرانی مین لکھا ہے کہ امام ابو
حنیفہ کو بہت حدیثین نہین پہونچی اسلئے اونکے مذہب مین قیاس زیادہ پایا جاتا ہے
ہکذا قال فی دراسات اللبیب صـ٢٣ ناقلا عن العلامة احمد بن عبد السلام نے کتاب رفع الملام
عن الائمة الاعلام - اور علامہ تفتازانی کا قول اوائل تلویح کے صـ مین مخاطب کو یاد رہے
صاحب تلویح اور توضیح فرماتے ہین للعلماء المجتہدین لم یتیسر لہم علم بعض الاحکام مدة حیاتہم
کابی حنیفة لم یدر الدہر للخطار فی الاجتہاد وکمالک سئل عن اربعین مسئلة فاجاب عن ست
وثلثین لا ادری لکہتے ہین کوفہ والون کو جسقدر حدیثین ملی ہین تو جابر جعفی کے وسیلہ سے
ملی ہین اور وہ نہایت کاذب تہا، ترمذی نے باب فضل الاذان مین لکہا ہے لولا جابر الجعفی
لکان اہل الکوفة بغیر حدیث ولولا حماد لکان اہل کوفة بغیر فقہ انتہے ایک عقدہ امام صاحب
کیطرف سے یہی یاد رہے کہ مشتغل بالفقہ کو نسیان حدیث کا غلبہ اور قصہ ضبط مین ہوتا ہے

چنانچہ خود صاحب نور الانوار مطبوعہ نولکشور کے صفحہ ۱۲۱ مین لکھا ہے تو امام صاحب کے
حافظہ مین قصور تھا لہذا احتیاطاً انہون سے روایت حدیث کی کرنی ترک کر دی تصدیق اس امر کی ایک توقع
ردّ المختار شرح در المختار کے صفحہ ۶۴ جلد اول مین ملاحظہ کرو لہذا امام نے عام ارشاد فرما دیا کہ
اذا صح الحدیث فھو مذھبی کذا فی الشامی جلد اول صفحہ دوسرا یہ کہ اگر امام صاحب سم
محدث ہوتے تو امام محمد بن حسن جو شاگرد رشید انکی فقہ مین تھے تمام موطا مین روایت حدیث
کی امام مالک سے نہ لاتے معلوم ہوا کہ امام صاحب حدیث کو فن سے واقف نہ تھے طحاوی جو
سرگروہ حنفیہ کا ہے اور ابن الہمام یہ دونون بھی امام سے سند نہین لاتے یہہ فضیلت عظمیٰ
اہل حدیث کو حاصل ہی ہے ۵ ومنکران ستمنا علی الناس حق لہم + ولا ینکرون القول حین نقول
وکلمۃ اللہ ھی العلیا **قولہ صفحہ ۴۲** تقلید شخصی در اصول امام از قرن ثانی شروع شدہ کہ شاگردان
امام مقلدین امام در اصول بودند اگرچہ مخالفت در بعضے فروع با او نمودہ اند الخ **اقول** - اگر
قرن ثانی ہی سے حدوث بدعت تقلید شرع محمدی کو بھر کیا ہوا قیاس کا بانی سب سے اول شیطان ہوا
کما رواہ الدارمی عن ابن سیرین صفحہ ۳۶ وہکذا فی دراسات اللبیب صفحہ ۳۴۷ فاعلم ان الائمۃ
الطاہرین ہم یحرمون الرای والقیاس ولہذا لما دخل ابو حنیفۃ علی جعفر بن محمد علی ما حکاہ الشعرانی
فی اللواقح قال لہ بلغنی انک تقیس لا تقس فان اول من قاس ابلیس ہکذا قال المفسرون تحت
قولہ تعالیٰ سنی سورۃ الاعراف + خلقتنی من نار وخلقتہ من طین تو پھر بدعت تقلید کا
قرن ثالث سے شروع ہونا کچھ محل تعجب نہین حضرت عمر نے تراویح مین التزام اور ترویج دیگر
پڑھنے کو بدعت فرمایا ہے اور فتح الباری کے صفحہ ۹۳ مطبوعہ دہلی باب الاذان یوم الجمعۃ مین
لکھا ہے وروی ابن ابی شیبۃ من طریق ابن عمر قال الاذان الاول یوم الجمعۃ بدعۃ فیحتمل ان یکون
ذلک علی سبیل الانکار ویحتمل ان یرید انہ لم یکن فی زمن النبی صلعم وکل ما لم یکن فی زمنہ یسمی بدعۃ
لیکن بسبب خلاف سنت پر عمل تو حضرت ابو درداء اور انس بن مالک اور ابن مسعود کے وقت سے جاری
ہو گیا ہے چہ جا قرن ثانی اور ثالث وغیرہ کے ۵ مہ کئی غم سے کے سمت اور مین مغرب رنجکو
فرق دونون مین بہت سمت بدلنے سے پڑا + بخاری نے ام درداء سے روایت کیا ہے
کہا ابو درداء میرے پاس غضبناک آئے مینے پوچھا کہ تمکو کیا ہوا ہے انہون نے فرمایا کہ مین لوگون
مین آنحضرت صلعم کے دین کی کوئی بات نہین دیکھتا بجز اسکے کہ نماز اکٹھی پڑھتے ہین اور امام مالک
نے موطا مین اپنے چچا ابی سہیل بن مالک سے اور انہون نے اپنے باپ سے روایت کی کہ جن چیز پر مینے

صحابہ رضم کو دیکھا ہے اوسمین سے اب کچھہ نہین دیکھتا بجز اذان دینے کے۔ اور دوسری
کہتے ہین کہ مین حضرت انس رضم کیخدمت مین دمشق مین گیا وہ رو رہے تھے مین نے کہا کہ
آپ کیون روتے ہین فرمایا کہ مین نے جو چیزین دیکھی ہین انمین صرف یہ نماز بہی دیکھتا ہون
اور وہ بہی ضائع کردی گئی روایت کیا ہے اسکو بخاری نے اور دوسری لفظون مین یون
ہے کہ جو کچھہ مین نے رسول اللہ صلعم کے عہد مین جانا تھا اوسکو آج نجانا حافظ ابن قیم اغاثۃ
اللہفان کے باب سیزدہم مکائد شیطانی مین لکھا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود نے فرمایا ہے
کہ تمہارا کیا حال ہوگا جب تمپر فتنہ محیط ہوا ایسا فتنہ کہ بڑا اسمین بوڑہا ہو جاوے اور چھوٹا بڑا
ہو جاوے اور لوگونمین اسطرح رائج ہو کہ اسکو سنت ٹہرالین اس صورتمین ہم مرجاوین
بیشتر کہ سنت مفقود ہو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عمل جب خلاف سنت رائج ہو تو اوسکا
کچھ اعتبار نہین اور نہ اوسکے طرف کچھ التفات چاہیے انتہے اور دارمی کے صفحہ ۳۸ مین مروی
ہے کہ عبد اللہ بن مسعود کو ابو موسے اشعری نے کہا یا ابا عبد الرحمن انی رایت فی المسجد انفا قوما
حلقا جلوسا ینتظرون الصلوۃ فی کل حلقۃ رجل و فی ایدیہم حصا فیقول کبروا مائۃ فیکبرون
مائۃ فیقول ہللوا مائۃ فیہللون مائۃ و یقول سبحوا مائۃ فیسبحون مائۃ قال فماذا قلت لہم
قال ما قلت لہم شیئا انتظار رایک او انتظار امرک قال افلا امرتہم ان یعدوا سیاتہم و ضمنت لہم
ان لا یضیع من حسناتہم ثم مضے و مضینا معہ حتے اتی حلقۃ من تلک الحلق فوقف علیہم فقال
ما ہذا الذی اراکم تصنعون قالوا یا ابا عبد الرحمن حصا نعد بہ التکبیر و التہلیل و التسبیح قال فعدوا
سیاتکم فانا ضامن ان لا یضیع من حسناتکم شیئے ویحکم یا امۃ محمد ما اسرع ہلکتکم ہولاء صحابۃ نبیکم
متوافرون و ہذہ ثیابہ لم تبل و انیتہ لم تکسر و الذے نفسی بیدہ انکم لعلے ملۃ ہی اہدی من ملۃ
محمد قالوا واللہ یا ابا عبد الرحمن ما اردنا الا الخیر قال وکم من مرید للخیر لن یصیبہ ان رسول اللہ
حدثنا ان قوما یقرؤن القران لا یجاوز تراقیہم وایم اللہ ما ادری لعل اکثرہم منکم ثم تولی عنہم
فقال عمرو بن سلمۃ رایناعامۃ اولئک الحلق یطاعنونا یوم النہروان مع الخوارج انتہے
مگر تحقیق یہ ہے کہ اصل حدوث بدعت تقلید زمانہ فشو کذب کے ہوئی وہ تین زمانے جنکو
آنحضرت نے خیر القرون فرمایا ہے واللہ انمین مذہب تقلید نہ تہا کذب کو قرآن مین برابر
شرک کے رکہا ہے لہذا مقلدین پر اطلاق لفظ مشرکین کا اور تقلید پر اطلاق لفظ شرک کا
کیا جاتا ہے دنیا مین آجکل اکثر لوگ یہی مقلد پیشہ ہین وما یومن اکثرہم باللہ الا وہم

مشہر کرتے حدیث بخاری من احدث فی امرنا ہذا ما لیس منہ فہو رد۔ بخوبی یاد رہے
بڑی مصیبت دین مین پڑی ہے کہ مگراہی بھی انہین بعض حضرات مقلدین متعصبین کے
طفیل سے ہوتی ہے ؎ جب مسیحا دشمن جان ہو تو کیونکر ہو علاج ٭ کون
رہبر بن سکے جب خضر بہکا نے لگے **قولہ** صفحہ ۳۶ وثانیہا قول النبی صلعم اتبعوا السواد الاعظم الخ
اقول یہ جو حدیث ابن ماجہ صفحہ ۲۹۲ مین آیا ہے کہ ان امتی لا تجتمع علی الضلالۃ فاذا رأیتم
اختلافا فعلیکم بالسواد الاعظم تو جسوقت پیغمبر خدا صلعم نے یہ فرمایا تہا اسوقت صحابہ کی جماعت
عظیم موجود تہے پہر اس جماعت کی پیروی چہوڑ کر امام صاحب کی جو اسّی برس پیچہے پیدا
ہوا تقلید کرنا صریح حکم رسول خدا صلعم کے خلاف ہوگا اور تقلید شخصی کرنیوالا اہل سنت وجماعت
سے نہوگا اہل مدینہ منورہ نے امام ابو حنیفہ کے خلاف کیا کیونکہ وہان کے امام مالک تہے رح اور
اہل مکہ نے بہی اونکے خلاف کیا کیونکہ وہانکے امام امام شافعی رح تہے اسیطرح سارے
محدثین ارباب صحاح وغیرہ نے انکا خلاف کیا بلکہ امام ابو حنیفہ کے شاگرد اونسے مخالف ہوگئے
پہر امام ابو حنیفہ کے تقلید کرنا سواد اعظم مکہ ومدینہ وغیرہما کے خلاف کرنا ہے حافظ ابن قیم
اغاثۃ اللہفان کے باب دسوین مین لکہتے ہین کہ رفیق نہ ہونے سے تنہائی سے نہ گہبرا جی
اور یہ کہنے نہ لگے کہ لوگ کہان گئے ہین تو انہین کی پیروی کرونگا اور اکثر لوگونکا یہی حال
ہے اور اسی حال نے سبکو تباہ کر دیا ہے پس سچا بصیرت والا وہ ہے جو ساتہی کے کم ہونے
یا بالکل نہ ہونے سے نہ گہبراوے بشرطیکہ دلمین رفاقت اوّل قافلہ کے سمجہتا ہو جنپر اللہ
تعالی نے انعام کیا ہے یعنی نبیون اور صدیقون اور شہیدون اور صالحین کو جو عمدہ رفیق
ہین اپنا ساتہی جانتا ہو جیسا کہ فرمایا اولئک الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین
والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا کیونکہ راہ طلب مین آدمی کا اکیلا ہونا دلیل
سچی طلب کی ہے۔ اسحق بن راہویہ سے کسی نے ایک مسئلہ پوچہا انہون نے اوس کا
جواب دیا سائل نے اونسے کہا کہ آپکے بہائی امام احمد بن حنبل بہی اسمین آپ ہی کے موافق
فرماتے ہین انہون نے فرمایا کہ مجکو گمان نہ تہا کہ کوئی اسبات مین میری موافقت کرے گا
غرضکہ بعد ظاہر ہونے صواب کے موافق کے نہونے سے نہ گہبراوے اسلئے کہ امر حق جب
ظاہر ہو یا ہر ہو جاتا ہے تو کسی دلیل کا محتاج نہین رہتا جو اوسکے حق ہونے کی شہادت
دے اور دل حق کو ایسا دیکہتا ہے جیسے آنکہ آفتاب کو دیکہتی ہے تو آفتاب نکلنے پر آنکہ

کہ اوسکا کی ضرورت نہین ہوتی کہ اسکے نکلنے پر کوئی شہادت دے اور موافق ہو اور ابو شامہ
عبدالرحمن بن اسمعیل نے کتاب الحوادث والبدع مین کیا خوب کہا ہے کہ جہان جماعت کے
ساتھ رہنے کا حکم ہے اوس سے یہ غرض ہے کہ حق بات کا ساتھی اور پیرو ہو گو اوس پر چلنے والے
تہوڑے ہون اور مخالف بہت اسلئے کہ حق وہ ہے جسپر پہلے جماعت آنحضرت صلعم کے عہد
مبارک اور صحابہ کی تہے اور اونکے بعد جو باطل والے بہت ہو گئے ہون اونکا کچھ اعتبار نہین
عمر بن میمون ازدی سے فرماتے ہین کہ مین حضرت معاذ بن جبل کے ساتھ یمن مین ہوا اور جبتک
کہ شام مین اونکو دفن کیا تب تک اون سے علحدہ نہوا پہر انکی وفات کے بعد سب لوگون سے زیادہ
تر فقیہ حضرت عبد اللہ بن مسعود کے ساتھ رہا اونسے مینے سنا کہ فرماتے تہے کہ جماعت مین
رہنا لازم پکڑو اسلئے کہ اللہ تعالے کا ہاتھ جماعت پر ہے پہر مینے اونکو ایک روز یون فرماتے
سنا کہ عنقریب تمپر ایسے حاکم ہونگے کہ نماز کو اوسکے وقت سے ٹالینگے پس تم وقت پر پڑھ لینا کہ فرض
ادا ہو جاویگا پہر اونکے ساتھ پہر پڑھ لینا کہ وہ تمہارے لئے نفل ہو جاینگے مین نے عرض کیا کہ
اے اصحاب محمد صلعم مین نہین جانتا کہ آپ کیا فرماتے ہین انہون نے فرمایا کہ یہ کیا بات ہے
مین نے کہا کہ آپ مجکو جماعت کیلئے حکم فرماتے ہین اور اوسپر ترغیب دیتے ہین پہر یہ فرماتی ہین
کہ نماز تنہا پڑھ لینا وہ فرض ہوگی اور جماعت کے ساتھ پڑہنا وہ نفل ہوگی اونہون نے فرمایا اے
عمرو بن میمون مین تجکو گمان کرتا تہا کہ اس گانو کے لوگون مین تو بڑا سمجھدار ہے تجکو معلوم ہے
کہ جماعت کیا ہے مین نے کہا کہ نہین اونہون نے فرمایا کہ تمام آدمیون نے جماعت
کو چہوڑ دیا ہے جماعت وہ ہے جو حق کے موافق ہو گو اکیلا ہی ہو۔ نعیم بن حماد کہتے ہین کہ
اس سے غرض یہ ہے کہ جب جماعت بگڑ جاوے تو تجکو وہی طریق اختیار کرنا چاہئے
جسپر جماعت کے لوگ بگڑنے سے پیشتر تہے گو تو اکیلا ہے ہو کہ اس صورت مین تو ہی جماعت
ہوگا اور حسن البصری فرماتے ہین کہ قسم ہے اوس ذات کی جسکے سوا کوئی معبود نہین کہ سنت
درمیان دشمن اور دوستکے ہے یعنی سنت پر چلنے والیکے اکثر لوگ دشمن ہو جاتے ہین
اور اسپر ستم کیا کرتے ہین۔ پس خداتعالی تمپر رحم کرے طریق سنت پر صبر کرو اس لئے
کہ اہل سنت پہلے زمانہ مین بہی کمتر تہے اور آیندہ بہی کمتر رہینگے وہ ایسے لوگ ہین کہ نہ
آسودہ لوگونکی آسودگی مین شریک ہوئے اور نہ بدعتیون کی بدعت مین اور اپنی طریق سنت پر
مر گئے یہانتک کہ اپنے پروردگار سے ملے تو اسیطرح انشاء اللہ تعالی تم بہی ہو جاؤ اور محمد بن اسلم

طوسی جنکے امامت پر اتفاق ہے اپنے وقت مین سب سے زیادہ تابع سنت اُنہے سے کر فرماتے ہین کہ جو سنت مجھکو آنحضرت صلعم سے پہونچی اوسپر مین نے عمل کیا اور اسبات کا حریص ہوا کہ خانہ کعبہ کا طواف سوار ہوکر کرون کہ یہ سنت بھی ادا ہوجاوے مگر مجھکو کرنے نہ دیا اور اونکے عہد مین کسی عالم سے سوال کیا گیا کہ سواد اعظم یعنے بڑا گروہ کیا ہے جسکے باب مین حدیث شریف مین یہ حکم ہے کہ جب لوگ اختلاف کرین تو تم بڑے گروہ لازم پکڑو تو عالم نے فرمایا محمد بن اسلم طوسی بڑا گروہ ہے انتہی۔ اس سے معلوم ہوا کہ خلاف اقل کا مقابلہ اکثر مین معتبر ہے جیساکہ نور الانوار تلویح بحث اجماع اور شرح وقایہ کتاب القضا مین موجود ہے حق بجانب واحد ہوتا ہے فئۃ قلیلہ کے جابجا تعریف قرآن کریم مین وارد ہے وقلیل من عبادی الشکور۔ وقلیل ما ھم۔ کم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ ~~سے~~ اجماع وہ نہین ہے جو تمہاری مراد ہے + ورنہ تو حق بلشکر ابن زیاد ہے + قولہ صفحہ ۱۲ مقلدین مذاہب اربعہ ہی اہل سنت وجماعت شاہ ولی اللہ وابن تیمیہ وغیرہما منصوص کردہ الخ اقول لفظ اہل سنت وجماعت مرکب ہے آل اور سنت اور جماعت سے تو معنے اسکا طریقہ رسول و طریقہ صحابہ والا ہے حضرت پیر کا قول غنیۃ الطالبین سے آپکو یاد رہے السنۃ ما سنہ رسول اللہ صلعم والجماعۃ ما اتفق علیہ اصحاب رسول اللہ صلعم انتہی۔ اس مدعا کے تائید پر حنفیہ کے معتبر اصول کی کتاب توضیح سے یہ بات بھی ہے کہ مخاطب ثالث اور اوسکے اعوان اخوان الشیاطین کو یاد رہے صاحب توضیح صفحہ ۲۶ کے باب مین لکھا ہے المراد بالامۃ المطلقۃ اہل السنۃ والجماعۃ وہم الذین طریقتہم طریقۃ الرسول دون اہل البدع انتہی ملا علی قاری شرح فقہ اکبر کے صفحہ مین لکھا ہے وفی روایۃ علیکم بالسواد الاعظم وعن سفیان لو ان فقیہا واحدا علی راس جبل لکان ہو الجماعۃ ومعناہ انہ حینئذ تنہا قائم بالجماعۃ فکانہ جماعۃ ومنہ قولہ تعالی ان ابراھیم کان امۃ انتہی میرے مخاطب جیسے تقلید بتد عین اہل سنت وجماعت مین داخل نہین جنکی نسبت شاہ ولی اللہ وغیرہ نے اہل سنت وجماعت لکھا ہے وہ متبع سنت تہے نہ مبتدع اہل انصاف غور کرکے دیکھین کہ منکر فرض قطعی پرلے درجہ کا کافر ہے جیسے جو فرض قطعی ہے اوس سے میرے مخاطب کا اشد انکار ہے۔ او[illegible] لائق قتال کے ہی۔ ابوبکر صدیق نے مانعین زکوۃ سے قتال شروع کیا اور اونکی رائے کو قتال مین حضرت عمر نے پسند فرمایا کما رواہ مسلم فی کتاب الایمان بخاری نے جو کتاب استتابۃ المعاندین والمرتدین وقتالہم باب من قتل من ابی قبول الفرائض وما نسبوا الی الردۃ مین لکھا ہے اوسمین [illegible]

جو منکر سنت کا یا تارک سنت صحیحہ ثابتہ غیر منسوخہ کا ہو اوسکو اصحاب حضرت صلعم کے خارجی اور ضمیت کہتے تھے فتح الباری کتاب الصوم باب الحائض تقضے الصوم دون الصلوۃ مین لکھا ہے کہ سنت پر اعتراض کرنا شیوہ خوارج کا ہے اور حضرت عائشہ رضہ نے ایک عورت کو جو سنت سے ناواقف تھی اور دائی کو دخل دیتی تھی فرمایا احرورية انت رواہ البخاری نے کتاب الحیض اور مسلم مین مروی ہے کعب بن عجرہ سے کہ انہ دخل المسجد وعبد الرحمن بن الحکم یخطب قاعدا فقال انظروا الی ہذا الخبیث یخطب قاعدا وقال اللہ تعالی واذا راوا تجارۃ او لہوا انفضوا الیہا وترکوک قائما ۔ تو بہر حال اہل سنت وجماعت وہی ہین جو تابع سنت کے ہین نہ اہل بدعت ۔ **قولہ صلعم** غیر مقلدین خارج از اہل سنت وجماعت ظاہر باہر اند الخ

اقول جہلاء ملت نسوان امت اسیر لسے رائے گرفتار قیاس اتنا نہین سمجھتے کہ دین کو تو رسول کریم صلعم لائے تھے نہ امام صاحب غیر مقلدین تو اتباع رسول خدا صلعم کے کر رہے ہین اور اہل حدیث آل رسول ہین ؎ اہل الحدیث ہم اہل النبی وان + لم یصحبوا نفسہ انفاسہ صحبوا + اہل حدیث کی نسبت کیدانی جیسونکے اقوال پسند کر کے اپنی عاقبت خراب نکرین ۔ طحطاوی نے درمختار کے شرح مین کتاب الذبائح مین اس فرقہ اور سلف کے کتابونکے حق مین جو کچھ کہا ہے اوسے بغور پڑھین ۔ فانقلت ما وقوفک علی انک علی صراط مستقیم وکل واحد من ہذہ الفرق یدعی انہ علیہ قلت لیس بالادعاء والتشبث باستعمال الوہم القاصر والقول الزاعم بل بالنقل عن جہابذۃ ہذہ الصنعۃ وعلماء اہل الحدیث الذین جمعوا الصحاح الاحادیث فی امور رسول اللہ صلعم واقوالہ وافعالہ وحرکاتہ وسکناتہ واقوال الصحابۃ والمہاجرین والانصار الذین اتبعوہم باحسان مثل امام البخاری ومسلم وغیرہما من الثقات المشہورین الذین اتفق اہل المشرق والمغرب علی صحۃ ما اوردوا فی کتبہم من امور النبی صلعم واصحابہ ثم بعد النقل ینظر الی الذی تمسک بہدیہم واقتفے اثرہم واہتدی بسیرہم فی الاصول والفروع فیحکم بانہ من الذین ہم ہم وہذا ہو الفارق بین الحق والباطل والممیز بین من ہو علی صراط مستقیم وبین من ہم علی سبیل الذی علی یمینہ وشمالہ انتہے اس عبارت سے جواب ادعاء حصر نجات کا مذاہب اربعہ مین صاف صریح البطلان ہے صراط مستقیم اور عدم صراط مستقیم پر ہونا اپنا سا نچہ اس فضیلت عظمی عمل بالحدیث کے معلوم کرنا چاہیے ورنہ مجرد دعوے کچھ کام نہین آتا ؎ بحرف وصوت میسر نگردد آنچہ دادند بیبین اسیر قفس طوطیان گویا را + ناظرین اور سامعین سے عرض ہے کہ مولوی عبدالحی

کا انصاف اپنی توالیف مین اور طحطاوی کی مدح سے گرا اور حضرت شاہ جیلان علیہ الرحمۃ
والغفران کی علامات کو دیکھین اور سوچین کہ اہلحدیث کس درجہ کے لوگ ہین ۔ حضرت پیر کا
فرمان یہ ہے غنیۃ الطالبین کے صفحہ ۱۹۸ مین لکھا ہے واعلم ان لاہل البدع علامات یعرفون
بہا فعلامۃ اہل البدعۃ الوقیعۃ فی اہل الاثر الی ان قال کل ذالک عصبیۃ وغیاظ لاہل السنۃ
ولا اسم لہم الا اسم واحد وہو اصحاب الحدیث ولا یلتصق بہم ما لقبہم اہل البدع (یا النجدی
والوہابی وغیرہما) کما لا یلتصق بالنبی صلعم تسمیۃ کفار مکۃ ساحرا شاعرا مجنونا مفتونا کاہنا ولم یکن
اسمہ عند اللہ وعند الملائکۃ وعند الانس والجن وسائر خلقہ الا رسولا نبیا بریا من العاہات کلہا
قال اللہ تعالیٰ انظر کیف ضربوا لک الامثال فضلوا فلا یستطیعون سبیلا انتہی
ف اہل ابتداع کا حال ہے حمالۃ الحطب کا + تبت یدا سزا ہے ایسے ابی لہب کا

قولہ صفحہ ۲۵ درزمانہ نوح بن عصمہ کہ قرن ثانی تابعین ست مذہب امام باین کثرت
متبوع ومقبول خلایق آن زمان شدہ بود کہ ہمہ خلق اللہ از تلاوت قرآن مجید مشغول بآن فقہ
ومذہب شدہ بودند وبعضے خلق اللہ را حاجت ترغیب دادن بتلاوت قرآن بوضع حدیث افتادہ الخ

اقول میرے مخاطب ٹھاکر جیسے حنفی خود ہی درپے بدنامی اپنے مذہب کے ہو رہے ہین اس
قصے سے تو معلوم ہوا کہ بعض حنفیوں کے قرآن سے اعراض کرنیکے اور فقہ کیطرف مشغول
ہونیکی عادت قدیمی ہے جیسا کہ سلیمان علیہ السلام کے زمانہ مین لوگون نے اپنے دین اور کتاب کا
علم چھوڑ کر سحر کا کام شروع کیا چنانچہ فرمایا واتبعوا ما تتلوا الشیاطین علی ملک سلیمان
الآیۃ لہذا ملا علی قاری نے فقہ اکبر کی شرح صفحہ ۲۳ مین لکھا ف العلم ما قال فیہ حدثنا
وما سواہ وسوسۃ الشیاطین + علاوہ یہ کہ حنفیہ کو جب علم حدیث سے واقفیت نہین ہوتی
تو ترغیب ترہیب مین فضائل اعمال کے مثل فرقہ کرامیہ کے وضعی حدیثین بہی بنا لیتے
ہین کیونکہ اصل علوم حدیث سے تو تقلید کے مارے ہوئے واقف نہین ہوتے ف
گوسالہ سامری چہ داند + رمز ارنی ولن ترانی + منجملہ ان وضاعین کذابین دجالین
سے میرے مخاطب کٹ ملا ہین جو احادیث وضعیہ تقبیل ابہامین اور وضعہا علی العینین
عند الشہادتین مین بمصداق حدیث مسلم یکون فی امتی دجالون کذابون یاتونکم من الاحادیث
بما لم تسمعوا انتم ولا اباءکم الحدیث لایا ہے جنکے حدیثین تقبیل ابہامین لکھی ہین ساری محض
بے اصل اور واہیات اور موضوعات ہین جلال الدین سیوطی نے تیسیر المقال مین

فرمایا ہے ان الاحادیث التی رویت فی تقبیل الانامل وجعلها علی العینین عند سماع اسمه صلعم عن المؤذن فی کلمة الشہادة کلہا موضوعات انتہیٰ اور موضوعات ملا علی قاری میں ہے لا اصل لہا هکذا فی موضوعات ابن طاہر صاحب مجمع البحار وعلامة الشوکانی اہل حدیث ضعیف کی نسبت لا اصل لہ نہیں کہتے کیونکہ ضعیف کا تو اصل ثابت ہوتا ہے مگر راوی میں کلام ہوتی ہے اور موضوع حدیث کی نسبت لا اصل لہ کہتے ہیں کیونکہ اسکا کوئی اصل ثابت نہیں اور مولانا شاہ عبد العزیز صاحب اپنے فتوے تقبیل العینین میں فرمایا ہے کہ تقبیل عینین اگر سنت بیان کریں سے تو حدیث ہاتھ کیونکہ حدیث صحیح اسباب میں آئمہ اربعہ و محدثین کبار سے ثبوت پائی گئی مگر تو مقلد امام کے ہاں درست اسباب کا ثبوت لاؤ اور اگر اون سے اسکا ثبوت نہیں پایا جاتا تو حنفی مذہب ہمیشہ ناقص و ناتمام ہے۔ اور جو حدیث علی کی مقاصد حسنہ میں فردوس دیلمی سے نقل کی ہے اوس حدیث میں راوی مجہول ہیں یعنے حال ثقہ ہونا اونکا معلوم نہیں تو روایت راوی مجہول کے اہل اصول کے نزدیک پایۂ اعتبار سے ساقط ہے اور فردوس دیلمی میں واہیات اور موضوعات تودۂ تودۂ مذکور ہیں کما قال الشاہ عبد العزیز فی بستان المحدثین ص وخیر الامور ما کان سنة + وشر الامور المحدثات البدائع +

قولہ ص شہادت ثالث نیز باید شنید شاہ عبد العزیز صاحب در بستان المحدثین بر ص۱۱ آوردہ کہ ابن حزم در جای گفتہ کہ قاضی ابو یوسف قضاء کل ممالیک اسلامیہ بدست آوردہ الخ **اقول** وہل افسد الدین الا الملوک + واحبار سوء ورہبانہا شاہ صاحب کتاب مذکور میں فرماتے ہیں کہ این دو مذہب در عالم از راہ ریاست و سلطنت رواج و امتیاز گرفتہ امر مذہب امام ابو حنیفہ و مذہب مالک زیرا کہ قاضی ابو یوسف قضاء کل ممالیک اسلامیہ بدست آوردہ از طرف او قضاۃ می رفتند پس بر ہر قاضی شرط می کرد کہ عمل و حکم بر مذہب ابو حنیفہ نماید تا آخر قصہ اس عبارت سے تو معلوم ہوا کہ مذہب امام صاحب کا قاضی ابو یوسف کی حکومت کے طفیل مروج ہوا نہ باعتبار خوبی اور خوش اسلوبی کے ص عز الدین لاہوری چہ ناکرد بر زندیدرا اولیا کرد + حضرت صلعم اور اونکے اصحاب وقت فیصلہ شریعت یا بین المتخاصمین کے کبھی ایسے شرط نہیں کی خود امام صاحب رح نے کسیکو احد الفریقین متخاصمین سے بابت نہیں کہ کسی بات کہ فیصلہ تقلیدی کی ہو کہ اولا مرا مذہب قبول کرلے پہر میں تیرا فیصلہ کرونگا یہ شرط صحیح نہیں کیونکہ یہ تو قسم اکراہ کا ہے جو شرعا ممنوع ہے وہ اختیارات ابو یوسفی

اگر میرے مخاطب جیسونکو ملتی تو یہ بہی سب لوگونپر شرط التزام مذہب حنفیت کا کرلیتے اور
اہل قرآن اور حدیث کو ارض اللہ مین اجرا سنت کا نکرنے دیتے ع گر بہ مسکین گر پر داشتے
تخم گنجشک ازجہان بر داشتے + این دو شاخ گاو گر خر داشتے + ہیچ کس را زندہ خود نگذاشتے
امام ابو یوسف نے تو مخالف مذہب حنفی کو نہ وہابی بنایا تہا نہ غیر مقلد کیونکہ دراصل اوسوقت
مین نہ عوام اور نہ خواص مین تقلید اور تعیین مذہب معین کے نہتی جیسا کہ شاہ عبد العزیز صاحب
بستان المحدثین مین لکہا ہے اور شاہ ولی اللہ عقد الجید مین لکہا ہے قال عز الدین بن
عبد السلام لم یزل الناس یسئلون من اتفق من العلماء من غیر تقلید بمذہب معین ولا انکار
علی احد من السائلین الی ان ظہرت المذاہب و متعصبوہا من المقلدین انتہے قولہ صف ۴۶
این اجرب المجربات ست کہ ہر ذی عزت خواہ معزز از جہت علم شدہ باشد یا از جہت دنیا
وقتیکہ غیر مقلد شدہ در حق مذاہب امام و مسائل مذہب او بدگوئی شروع نمود فی الحال و فی الفور
آنرا خدا تعالی بے عزت دارین و رسوائی الکونین سازد الخ ا قول اس فقرہ کا تو امام صاحب
رضی اللہ تعالی عنہ کے حق مین یہ عقیدہ ہے والذین جاؤا من بعدہم یقولون ربنا اغفر لنا
ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین امنوا ربنا انک
رؤف رحیم اور جیسا کہ صحیح بخاری کے شرح فتح الباری صف ۲۷ کتاب العلم حدیث الدین
النصیحۃ للہ و رسولہ و لائمۃ المسلمین مین لکہا ہے و من جملۃ آئمۃ المسلمین آئمۃ الاجتہاد
و نفع لہم بث علومہم و نشر مناقبہم و تحسین الظن بہم انتہے بلکہ جو آئمہ متقدمین کی نسبت
بغیر حقیقت حکایت جرح و تعدیل کی اور اہانت کرے تو اوسکی حدیث غیر منظور ہے مقدمہ
مسلم مین لکہا ہے کہ عبد اللہ بن مبارک نے کہا دعوا حدیث عمرو بن ثابت فانہ کان یسب السلف
انتہے ۔ مگر اتنا مخاطب ہمارا کو یاد رہے یہ آپکا کہنا بے عزت دارین و رسوائی الکونین
بسازد یہ قول مشابہ اہل مکہ کے ہے جو باری تعالی فرماتا ہے ان نقول الا اعتراک بعض
الہتنا بسوء انبیاء اولیاء علماء اصفیاء عرفاء صلحاء ہمیشہ ہدف تیر محن رہے ہین اللہ کے
سنت اسیطرح جاری ساری طاری ہے اشد الناس بلاء الانبیاء ثم الامثل فالامثل
رواہ البخاری شعرانی رح نے کتاب منن کبرے مین لکہا ہے جسکا خلاصہ یہ ہے
کہ ابو بکر صدیق سم مسموم مرے حضرت عمر رض مقتول ہوئے ابو لولوہ غلام مغیرہ نے ایک
خنجر اونکی کمر مین مارا وہ نماز صبح مین تہے حضرت عثمان رض اپنے گہر مین مصحف کے اندر قرأۃ

کرتے تھے اونکو گہیر کر تیتر مارے وہ ممبر سے بیہوش ہوکر گرے اسیطرح اور لوگونپر
اتنے پتھر برسائے کہ وہ مسجد سے باہر نکل گئے تب عثمان کو گہر مین اٹھا لائے جب مرگئے
تو اوسی جامۂ خون آلودہ مین بغیر غسل کے دفن کر دیا حضرت علی ابن ابی طالب رضہ
مقتول مرے عبدالرحمن بن ملجم نے ایک تلوار زہر آلودہ اُنکی پیشانی پر ماری اسکو
پکڑ لیا اور بعد موت علی رضہ کے قتل کیا حضرت امام حسن بن علی کو اونکی بی بی جعدہ بنت
اشعث نے زہر دیکر مارا یزید نے اوس سے وعدہ نکاح کا کیا تہا بعد وفات کے جب
سوال نکاح کیا تو یزید نے کہا انا لم تکن نرضاک للحسن افنرضاک لانفسنا وہ خسرت
دنیا والآخرہ ہوگئی امام حسین رضہ انکا قصہ پرغصہ ایک دفتر ہے جسکا خلاصہ کتاب
سر الشہادتین مین لکہا ہے یہ کربلا مین ہاتھ سے لشکر یزید پلید کے شہید ہوئے
کہتے ہین کہ اوس واقعہ مین دس ھزار نفس مارے گئے اور ایک ہزار عورت
بغیر زوج حاملہ ہوگئین اور ایک ہزار گواریان خراب کی گئین حضرت عبداللہ بن زبیر
رضہ مکہ مین مقتول ہوئے انکو حجاج نے مصلوب کیا کئی ماہ تک سولی پر لٹک رہے
اونکے سر کو پہرایا ایک جانب کعبہ کو منجنیق سے وڈہا دیا۔ حضرت امام زین العابدین
مقتول مارے گئے اونکا سر مصر مین لائے اسیطرح جعفر صادق اسیطرح محمد باقر
اسیطرح محمد بن ابی بکر کو اہل مصر نے قتل کرکے تنور مین جلا دیا حضرت عمر بن عبد العزیز
مسموم مارے گئے حضرت جنید رضہ پر وقت تقریر علم توحید کے شہادت کفر کی دیگئی
تہی لکن وہ متستر بفقہ ہوکر روپوش ہوگئے حالانکہ بڑے جلیل العلم تہے امام ابو حامد
غزالی پر فتوے تکفیر کا دیا تہا اور اونکی کتاب احیاء العلوم کو جلا دیا تہا پہر اللہ نے
غزالی کی ایسی مدد کی کہ وہ کتاب آب زر سے لکہی گئی منجملہ مکفرین کے ایک قاضی عیاض
دوسرے ابن رشید شیخ محی الدین بن عربی و عمر بن فارض پر اب تک لوگ انکار کرتے
ہین اور تکفیر و تضلیل سے پیش آتے ہین محن آئمہ مجتہدین کی کتب مناقب آئمہ
مین مفصل مذکور ہین امام ابو حنیفہ رضہ کو عدم قبول منصب قضا پر ضرب و حبس کیا تہا
امام مالک کا ہاتھ بسبب عدم فتوے طلاق مکرہ ضرب خلیفہ ابو جعفر منصور سے
ٹوٹ گیا تہا یہانتک کہ ہاتھ چہوڑکر نماز پڑہتے تہے۔ امام شافعی پر محن آئے امام احمد کو
بسبب انکار خلق قرآن کے سخت تکلیف ضرب و حبس کی دی گئی امام بخاری

صاحب صحیح کو بخارا سے نکالدیا انہون نے موضع خرتنگ مین جاکر انتقال کیا قبل زمانہ متوکل خلیفہ کے اہل سنت روایت حدیث سے ممنوع ہوگئی تہی مسئلہ خلق قرآن پر ایک خلق کو سزا قتل وقید وضرب دی گئی امام نسائی صاحب سنن کو اتنا مارا کہ وہ مر گئے شیخ احمد مجدد الف ثانی کو جہانگیر بادشاہ نے سجدہ تحیت نہ کرنے پر تین سال تک قلعہ گوالیار مین قید رکہا جب شاہجہان بادشاہ ہوئے تب وہ قید سے چہوٹے انہون نے اس مدت مین قرآن کریم حفظ کرلیا مرزا مظہر جانجان نا تہت جماعت نجف خان رافضی کے بضرب قرابین شہید ہوئے مکہ معظمہ مین جو کچہ تکالیف کفار قریش نے حضرت کو پہنچائی تہی وہ کتب اہل سیر مین معروف ہین بیانتک کہ مکہ سے ہجرت کی طائف والون نے پتہرون سے پای مبارک کو مجروح کیا تہا

ــہ نہ شادی داد سامانی نہ غم آورد نقصانی + بہ پیش ہمت ما ہرچہ آمد بود مہمانی + الحاصل علماء دین پر غالبًا بسبب حق گوئی وحق پرستی و اظہار حق وتبلیغ اوامر ونواہی وتصحیح عقائد خلق کے آفات وبلیات آتی رہتی ہین فساق وفجار ہمیشہ اعداء علماء رہتی ہین اور جہلا علماء پر طاعن ہوتے ہین اہل رای اہل حدیث کے باغض ہین اور سب وشتم اہل حدیث سے اپنے نامہ اعمال کو سیاہ کیا ہے اوسکا جواب وسزا ای بعد آنکہہ بند کرنیکے اللہ سے پاوینگے بــہ بوقت صبح شود ہمچو روز معلومت + کہ باکہ باختۂ عشق در شب دیجور اہانت محدثین کے علماء حنفیہ نے کفر ٹہرایا ہے اور ارتداد قرار دیا ہے صاحب خلاصہ کیدانی نے اشارہ بالسبابہ کے مسئلہ مین اہانت اہل حدیث کی ہے اور ملا علی قاری حنفی نے تزیین العبارۃ لتحسین الاشارۃ مین لکہا ہے کہ یہی کافی ہے واسطے تکفیر کیدانی کے حالانکہ مذہب امام صاحب کا سنیت اشارت پر ہے کما رواہ محمد فی الموطاء کیدانی جیسونکی نسبت دراسات اللبیب کے صــ مین لکہا ہے کہ امام مہدی کے ساتھ پہلے مقلدین لوگ قتال کرینگے اور آخر لاچار ہوکر مطیع حکم ہونگو بالجملہ فہم قرآن اور تدبر معنی ہر آیت سے لائق اسکو مضمون نکالنے کی کئی حجاب ہین منجملہ اون کے ایک یہ ہے کہ کسی مذہب کو سنکر اوسکا مقلد ہوگیا اور اوسکے دل مین اوسکی بابت جم گئی اور اگرچہ معنی خلاف اوسکے اعتقاد کے ظاہر ہوتے ہین تو شیطان تقلید اوسپر حملہ کرتا ہے کہ یہ بابت تیرے دل مین کیسی گذری یہ تو مخالف عقاید اکابر تیرے کے ہے وہ اس معنی

احتراز کرتا ہے اسلیئے امام غزالی وغیرہ نے صوفیہ کرام سے کہا ہے کہ علم حجاب اکبر ہے
مراد اس علم سے علم عقاید تقلیدی یا مذہب فقہی ہے ورنہ علم حقیقی جو کشف و نور بصیرت
کا ثمرہ ہے وہ کسطرح حجاب ہو سکتا ہے اور منجملہ اون حجابون سے ایک یہ حجاب ہے کہ کوئی
تفسیر ظاہر پڑہ لی ہو اور یہ اعتقاد کرے کہ مثلا جو کچھ حضرت ابن عباس و مجاہد نے کہا وہی
درست ہے سوا اوسکے اور کچھ معنی نہین ہین تو یہ بہی ایک پردہ ہے کیونکہ تفسیر کیلیئے مدارج
ہین پہلا درجہ تفسیر مرفوع کا ہے جو حضرت سے ثابت ہو بسند صحیح پہر وہ تفسیر ہے جو صحابہ مفسرین
سے ماثور ہے پہر وہ تفسیر جسپر لغت عرب شاہد ہے اس قسم کی تفسیر فتح البیان و ابن کثیر
و فتح القدیر مین ملتی ہے اور ابن عباس کی تفسیر مین معتمد تفسیر وہ ہے جو بخاری نے
اپنی صحیح مین اوس سے روایت کی ہے معہذا بعض معانی بعض تفاسیر مین ملتی ہین اور
بعض مین نہین ملتے اسلیئے جمود کرنا کسی ایک تفسیر یا مذہب مین سے ایک حجاب ہے دلیر
طالب علم آخرت کی بلکہ جس امام و عالم و مجتہد و فقیہ و صوفی کا قول موافق ظاہر کتاب اور سنت
ہو وہ لائق قبول کے ہے اور جو خلاف اوسکے ہو قابل رد ہے کالای بدبر لیش خاوند
اسلیئے کہ ایسا شخص جسکی ہر بات مان لی جاوے سوا رسول خدا صلعم کوئی نہین گو
کتنا ہی بڑا رتبہ دین یا علم مین رکہتا ہو مسئلہ رد تقلید مین علمار متبحرین سے طرح طرح
کے رسالے اور صحیفے مطبوع ہو چکے ہین دراسات اللبیب مولفہ شیخ معین اور کتاب
ایقاظ ہمم اولی الابصار للاقتدا بسید المہاجرین والانصار وغیرہا کا تصحیح الجات
اس مسئلہ کے ہین۔ اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ

تمہاری کی ہے ہمنے خیر خواہی — اگر سمجھو تمہین کو ہے بہلائی
... مین ذلت سے بچو گو — اور ہر عقبے مین رنج سے رہ
... بدعت کو چہوڑ دو — اگر کچھ خوف ہے تمکو خدا کا
... حکم پیمبر — مقرر جانو ہے اسمین برائی
... فیصل ہو — خدا نے مہر ہے دلپر لگائی